## سیر و سوانح

# سیّد شاہ مدنؒ

## اٹھارھویں صدی عیسوی کا ایک مجاہد

ڈاکٹر اقبال حسین

سورہ احزاب کے آخری رکوع میں اللہ پاک کا فرمان ہے:

يَآيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ۝ يُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا ۝ (احزاب ۷۰-۷۱)

"اے ایمان والو! ڈرتے رہو اللہ سے اور کہو سیدھی بات، کہ سنوار دے تم کو تمہارے کام، اور بخشے تم کو تمہارے گناہ اور جو کوئی کہے پر چلا اللہ کے اور اس کے رسول کے اس نے پائی مراد"

احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس آیت مقدسہ کی جمعہ اور نکاح کے خطبات میں بالعموم تلاوت فرمایا کرتے تھے۔ یہ سنت آج تک جاری ہے، لیکن بدقسمتی سے عام مسلمان، عربی زبان سے ناواقف ہونے کی بنا پر ان خطبات کا پورا فائدہ نہیں اٹھا پاتے، اس قرآنی ہدایت کے سرسری مطالعہ سے بھی کئی باتیں واضح طور پر سامنے آتی ہیں:

اول یہ کہ مسلمانوں کو ہر حال میں خدا کا خوف کرنا چاہئے۔

دوم، یہ کہ انھیں ہر حال میں جادۂ حق پر قائم رہنا چاہئے، گفتگو، عہد و پیمان اور تمام معاملات میں سیدھی اور بے لوث بات کہنی چاہئے، کسی بھی مصلحت یا مداہنت کی بنا پر حق و صداقت کا دامن نہیں چھوڑنا چاہئے۔

"سوم، جو لوگ اس راہ پر گامزن ہوں گے، ان کے لئے خداوند کون و مکان کا وعدہ ہے کہ ان کے کام سنوار دیئے جائیں گے، گناہ معاف ہو جائیں گے اور وہ اپنی مراد کو پہونچیں گے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


عہدِ رسالت اور اس کے بعد، جب تک مسلمان قرآن کی تعلیمات پر عمل کرتے رہے، بیشک اللہ کا وعدہ پورا ہوتا رہا۔ ان پر انعام و اکرام کی بارشیں ہوتی رہیں، فتح و نصرت ان کے قدم چومتی رہی، لیکن جوں جوں ان کا تعلق قرآن سے کم ہوتا گیا، ان میں سیاسی، اقتصادی اور فکری زوال آتا گیا، وہ فرقوں میں تقسیم ہونے لگے اور بالآخر ان کی اجتماعی قوت ہی بکھر کر رہ گئی، مسلمانوں کی اپنے سرچشمۂ حیات سے دوری، دنیاداری، دین سے انحراف، اغماض اور مصلحت پرستی کے چڑھتے ہوئے سیلاب کے نتیجہ میں ان کے اندر ایک ایسے طبقہ کا ظہور ہوا جو اپنی ذاتی مصلحتوں اور اغراض و مقاصد کی تکمیل کے لئے، قرآن کا علم رکھتے ہوئے بھی اس سے چشم پوشی کرنے لگا۔ اس گروہ کے اثرات نے مسلمانوں کی ایک بڑی تعداد کو آج جس منزل پر لا کھڑا کیا ہے وہ محتاجِ بیان نہیں ہے۔ تاہم مسلمانوں میں ایسی شخصیتیں بھی پیدا ہوتی رہی ہیں جو بظاہر دنیادار تھے۔ لیکن اللہ کے احکامات ہی کو متاعِ حیات سمجھتے تھے اور وقت پڑتا تو جان، مال اور جاہ و منصب کی قربانی میں بھی انھیں تامل نہ ہوتا بلکہ احکامِ الٰہی کی تعمیل میں متاعِ جان بھی نثار کرنے سے دریغ نہیں کرتے تھے۔

تاریخ ہند کی اٹھارہویں صدی عیسوی کے تیسرے ربع میں، صوبہ اودھ میں ہمیں ایک ایسی ہی شخصیت نظر آتی ہے جو عوام میں آج بھی شاہ مدن کے نام سے معروف ہے۔ اکبر الہ آبادی مرحوم نے شاہ مدن کے کردار سے متاثر ہو کر ہی غالباً یہ شعر کہا تھا ؎

بڑھا لی شیخ نے داڑھی اگرچہ سن کی سی
مگر وہ بات کہاں مولوی مدن کی سی

شاہ مدن دینی علوم سے بہرہ ور ہوتے ہوئے، بظاہر دنیاداری میں گھرے ہوئے تھے۔ حاکمِ وقت کے مقرب، جاگیردار اور صاحبِ ثروت آدمی تھے لیکن نظر بہر حال آخرت پر رکھتی، حق و باطل کے فرق کو خوب پہچانتے تھے، حاکمِ کون و مکاں کی رضا اور اس کے احکام کی پابندی میں حاکمِ وقت کی رضا اور دنیا کی نعمتیں ان کی نگاہ میں ہیچ تھیں۔

شاہ مدن صاحب کا پورا نام سید شرف الدین[۱] تھا۔ آپ کے والد ماجد حموی گیلانی تھے۔

---

[۱] مظفر حسین، نامۂ مظفری (مطبوعہ) لکھنؤ ۱۹۱۷ء، ص ۲۲۷

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



غلام علی نقوی، اودھ کا مشہور مورخ رقم طراز ہے کہ آپ کا سلسلہ نسب حضرت غوث الثقلین محی الدین عبد القادر جیلانی سے ملتا ہے[۱]۔ آپ نہایت دانا، خوش خلق، نیک خصال اور پاکیزہ صفات تھے۔ ابتدا ہی سے نواب صفدر جنگ کی مصاحبت میں رہے اور آپ کو اس کے مصاحبوں میں خاص مقام حاصل تھا۔ صفدر جنگ کی وفات کے بعد، آپ کچھ دنوں کے لئے بنگال چلے گئے تھے۔ وہاں کے ناظم، اللہ وردی خاں نے آپ کو اپنا مشیر بنا لیا[۲]۔ اللہ وردی خاں کے انتقال کے تقریباً فوراً بعد، بنگال میں انگریزی اقتدار قائم ہو جانے کی وجہ سے شاہ مدن دوبارہ اودھ چلے آئے اور شاہ آباد، جو شاہجہاں پور کے قریب دلیر خاں کا آباد کیا ہوا قصبہ ہے، قیام پذیر ہو گئے[۳]۔ آپ جلد ہی نواب شجاع الدولہ کے دربار سے وابستہ ہو گئے۔ شجاع الدولہ نے آپ کی بڑی قدر و منزلت کی اور آپ کو خالص پور کا علاقہ جاگیر میں دیا[۴]۔ شاہ مدن نے خالص پور کو اپنا مستقر بنا لیا[۵]۔

شاہ مدن صاحب کافی خوش حال تھے۔ کہا جاتا ہے کہ ان کے پاس ایک لاکھ روپئے سالانہ آمدنی کی جاگیر تھی[۶]۔

شاہ مدن کی فارغ البالی، نواب شجاع الدولہ سے تقرب اور دین سے لگاؤ کی وجہ سے، آپ دنیاوی طور پر بڑے آدمی تھے اور معزز و محترم بھی۔ شاہ مدن صاحب، صاحب ثروت اور شجاع الدولہ سے خصوصی تعلقات کے باوجود، قرآن کی ہدایات کو ہر حال میں مقدم جانتے تھے۔ ان کی نگاہ میں دنیاوی عیش و تنعم اور اس زندگی کے مقابلے میں آخرت کی زندگی زیادہ اہم تھی۔ شاہ صاحب کی زندگی میں ایک ایسا بھی وقت آیا کہ ایک طرف شجاع الدولہ سے تعلقات کا تقاضا یہ تھا کہ اس کے منشا پر، جو صریحاً حق کے خلاف تھا عمل کیا جائے اور دوسری

---

[۱] عماد السعادت (مطبوعہ) نول کشور پریس، لکھنؤ، ص ۱۱۰ [۲] عماد السعادت ص ۱۱۱ [۳] نامہ مظفری ص ۲۲۱ [۴] نامہ مظفری ص ۲۲۹ [۵] چھمی نارائن، رقعات (مطبوعہ) ص ۶، انشائے فیض بخش، قلمی (علی گڑھ مخطوطہ) ص ۲۔ لیکن نامہ مظفری کے مولف کا بیان ہے کہ شاہ صاحب کو ½ لاکھ روپئے سالانہ کی جاگیر اودھ کے نواب نے دی تھی اور ½ لاکھ روپئے سالانہ کی جاگیر حافظ رحمت خاں کی طرف سے آپ کو دی گئی تھی، ملاحظہ ہو نامہ مظفری ص ۲۱۱



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


طرف نگاہ میں قرآن کی ہدایت بھی تھی کہ "جو بات کہو سیدھی کہو" جس کے دل میں اللہ نے گھر کرلیا ہو، اس کی نگاہ میں دنیا دی حاکموں کی کیا حقیقت ہوسکتی ہے۔ شاہ مدن بھی ایسے نازک وقت میں، استقلال کے ساتھ، شجاع الدولہ کے منشا کے خلاف حق ہی پر قائم رہے۔

اس پورے واقعہ کا تاریخی پس منظر یوں ہے کہ ۱۷۷۳ء میں مرہٹوں نے شمالی ہندوستان کی بیشتر ریاستوں کو مطیع کرنے کے بعد، براہ روہیل کھنڈ، صوبہ اودھ پر حملہ کرنے کا منصوبہ تیار کیا تھا۔ اس منصوبہ کے تحت، مرہٹوں نے حافظ رحمت خاں کے سامنے تین شرطیں رکھیں:

اول۔ اگر روہیلے مراٹھوں کے ساتھ مل کر شجاع الدولہ کی مملکت کو فتح کرنے میں معاون ہوں گے تو اس کے بدلے میں مراٹھے نصف مفتوحہ علاقہ روہیلوں کے حوالہ کردیں گے۔

دوم، اگر وہ مراٹھوں سے جنگی تعاون کے لئے رضامند نہ ہوں، تو مراٹھوں کو بغیر کسی مزاحمت کے، اپنے مقبوضات سے گزر جانے دیں گے۔ اس کے عوض میں مراٹھے چالیس لاکھ کے مطالبے سے دستبردار ہوجائیں گے جس کا معاہدہ گزشتہ سال، شجاع الدولہ اور روہیلوں سے ہوچکا ہے۔

سوم، اگر حافظ رحمت خاں مندرجہ بالا شرطیں، تسلیم نہیں کرتے تو مراٹھے پہلے ان کے مقبوضات تاراج کردیں گے، بعد ازاں، وہ شجاع الدولہ پر حملہ آور ہوں گے۔[1]

اس میں کوئی شک نہیں کہ فوجی اعتبار سے مراٹھے کافی طاقتور تھے، لیکن اخلاقی پستی[2] اور

---

[1] گلستان رحمت، ص ۸۲ الف، حافظ رحمت کا مراسلہ مورخہ ۴ اکتوبر ۱۷۷۲ء بنام لارڈ ہسٹینگز دستاویز نمبر ۱۱، خفیہ (فارن ڈپارٹمنٹ) نیشنل آرکائیوز، نئی دہلی، ص ۱۔۲،

Calendar of Persian Correspondence Vol IV, 481

[2] سرجادوناتھ سرکار نے مرہٹوں کے مظالم اور اخلاقی پستی کا ایک مختصر جائزہ، ہمعصر تاریخی اور ادبی ماخذوں کی مدد سے لیتے ہوئے لکھا ہے کہ ۱۶۸۳ء میں گوا پر حملہ کے دوران بیک وقت چھ چھ مرہٹہ فوجیوں نے ایک ایک عورت سے جبراً منہ کالا کیا۔ ۱۷۴۲ء کے بعد مرہٹوں نے جب بنگال پر یلغار کی شروع کی، تو بقول ایک بنگالی شاعر گنگارام، مرہٹوں نے عورتوں سے سونے اور چاندی کے زیورات چھین لئے، بعضوں کے ہاتھ، کسی کے کان اور ناک تراش لی اور کچھ کو بے جھجک ہلاک کر ڈالا۔ مراٹھے خوبصورت عورتوں کی گردنوں میں رسی ڈال

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



عہد شکنی کی وجہ سے کسی بھی فریق کے لئے ان کے وعدوں پر اعتماد کرنا دشوار تھا۔ بدقسمتی سے حافظ رحمت خاں کے سامنے کئی مسئلے تھے۔ روہیلے خانہ جنگی اور باہم رشک و حسد سے اپنی عسکری صلاحتیں کھو چکے تھے۔ گذشتہ چند برسوں سے وہ مستقل مرہٹوں کی لوٹ مار کا شکار ہو رہے تھے جس کے نتیجہ میں انھیں ۱۷ جون ۱۷۷۲ء کو شجاع الدولہ سے ایک معاہدہ کرنا پڑا تھا جس کے تحت، حافظ رحمت خاں نے روہیلوں کی بازآبادکاری اور آئندہ مراٹھوں کے خلاف فوجی تحفظ کے عوض چالیس لاکھ دینے قبول کر لئے تھے[۱]۔ علاوہ ازیں مراٹھے ایک بڑی فوج کے ساتھ روہیلوں کی سرحد کے قریب خیمہ زن تھے اور ان کی پیش کردہ شرائط کو یکدم ٹھکرانا، فوری طور پر قتل و غارت گری کو دعوت دینا تھا۔ ان حالات کا تقاضہ یہ تھا کہ شجاع الدولہ کو، جو اب معاہدہ کی رو سے روہیلوں کا حلیف تھا مطلع کر دیا جائے اور یہ سعی کی جائے کہ روہیلوں کو چالیس لاکھ روپیوں کی ادائیگی سے بھی بچا لیا جائے۔ چنانچہ حافظ صاحب

---

(بقیہ حاشیہ) کر گھسیٹ لے جاتے اور مظلوم عورتوں کی آہ و بکا کی پرواہ کئے بغیر یکے بعد دیگرے کئی کئی افراد اپنی نفسانی ہوس کی تسکین کرتے۔ انھوں نے مکانوں اور مندروں کو، مسمار کرنے اور جلانے میں بھی تامل نہیں کیا۔۔۔۔۔ ایک اور بنگالی، ونیشور ودیا لنکر لکھتا ہے کہ شاہو راجہ کی فوج رحم کے جذبات سے یکسر عاری ہے، وہ حاملہ عورتوں، بچوں، برہمنوں اور غریبوں کو بھی قتل کرنے سے نہیں ہچکچاتی۔

کم و بیش اسی طرح کی باتیں معاصر مسلمان مورخین اور فرانسیسی و انگریزی تجارتی کمپنیوں کے نمائندوں نے بھی لکھی ہیں۔ تفصیلات کے لئے ملاحظہ فرمائیں:-

Fall of the Mughal Empire Vol. I PP 86-87, 86-89

مراٹھوں کے اخلاق سوز اور شرمناک حرکتوں سے بیزار ہو کر راجپوتوں نے زبردست پیمانہ پر ۱۰ جنوری ۱۷۵۱ء کو جے پور میں بلوہ کر دیا۔ اس بلوہ میں تقریباً دو ہزار مراٹھے ہلاک اور بہت سے زخمی ہوئے۔ ملاحظہ ہو:

Fall of the Mughal Empire Vol. II P.P. 303-05,

۱؎ Aitchison, A collection of Treaties, Engagements ... Vol II P.P. 5-6
Home Miscellaneous Ricords (India office) 1774, S.N. 37 (New Delhi National Archives) P. 206.

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


نے شجاع الدولہ کو صورتِ حال سے آگاہ کرتے ہوئے یہ واضح کردیا کہ روہیلے، مراٹھوں کے ساتھ کسی طرح کے اتحاد کے لئے تیار نہیں ہیں بشرطیکہ نواب مذکور انھیں چالیس لاکھ روپے کی ادائیگی کا تمسک لوٹا دیں، جو روہیلوں نے گزشتہ سال انھیں دیا تھا۔[۱]

شجاع الدولہ مرہٹوں کی سرگرمیوں پر پہلے ہی سے نظر رکھے ہوئے تھا۔ اسے یہ علم ہوچکا تھا کہ مراٹھے، روہیلوں سے گفت و شنید کر رہے ہیں۔ اسے خوف تھا کہ اگر روہیلوں کا مراٹھوں سے اتحاد ہوگیا تو اس کو بہت دشواریوں کا سامنا کرنا پڑے گا[۲]۔ اس ممکنہ اتحاد کو روکنے کے لئے اس کی نظرِ انتخاب شاہ مدن پر پڑی۔ اس نے شاہ صاحب کو حافظ رحمت خاں کی خدمت میں پورے اختیارات دے کر روانہ کردیا کہ شاہ صاحب روہیلوں کو مراٹھوں سے الگ کرنے کے سلسلہ میں جو بھی طریقہ اختیار کریں گے اسے قبول ہوگا۔[۳]

شجاع الدولہ نے شاہ مدن کو اس اہم سفارت کے لئے دو وجہوں سے منتخب کیا تھا۔ اول، روہیلے شاہ مدن کا بڑا احترام کرتے تھے اور ان کو صادق القول جانتے تھے۔

دوم، شجاع الدولہ کو یقین تھا کہ شاہ صاحب کے درمیان میں آجانے کے بعد روہیلے ہر صورت سے مطمئن ہوجائیں گے اور ہر وقت مراٹھوں کی یلغار کا رخ روہیلوں کے مقبوضات تک

---

۱؎ گلستانِ رحمت، ص ۱۸۲-۱۸۷ الف، Transaction in Bengal P. 11

۲؎ تفصیلات کے لئے ملاحظہ ہو Calendar of Persian Correspondence Vol. IV, P. 224

۳؎ مستجاب خاں رقم طراز ہیں۔ "سید شاہ مدن کہ بمنا بہ زبان من است ...... انچہ تفہیم من دعن گذارش خواہد ساخت، یقین تصور فرمائید۔ چیزی کہ کہ مشارٌ الیہ مقرر خواہد نمود، سر موازاں تفاوت نخواہم کرد کہ ساختہ و پرداختہ او منظور است"، گلستان رحمت۔ ص ۱۸۴-۱۸۵ الف، مزید تفصیلات کے لئے ملاحظہ فرمائیں حافظ رحمت خاں کا خط بنام ہیسٹنگز، بحوالہ Hastings and the Ro-hilla war P.P. 300-02. Galender of Persian corres-pondence 200

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ہی محدود ہوگا اور خود اس کی عملداری جنگ وجدال سے محفوظ ہوگی۔

شجاع الدولہ کا اندازہ درست تھا۔ شاہ مدن کی یقین دہانی کے بعد کہ شجاع الدولہ بذات خود روہیلوں کی مدد کو آرہا ہے اور مراٹھوں کے استیصال کے بعد وہ چالیس لاکھ کا تمسک بھی لوٹا دے گا۔ حافظ رحمت خاں نے منتظر مراٹھا ایلچیوں کو صاف جواب دے کر واپس کر دیا۔[1] مراٹھوں کی فوج کے ایک حصہ نے ۱۹ رمارچ ۱۷۷۳ء کو تکوجی ہولکر کی قیادت میں حملہ کر دیا اور اسد پور، سنبھل وغیرہ کو تاراج کرنا شروع کر دیا۔[2] ۲۰ رمارچ ۱۷۷۳ء کو شجاع الدولہ بھی انگریزی توپ خانہ کے ساتھ جس کی قیادت جنرل بارکر کر رہا تھا، رام گھاٹ آن پہونچا۔ مراٹھوں کی اصل فوج جو دریائے گنگا کے دوسرے کنارہ پر خیمہ زن تھی۔ شجاع الدولہ کی آمد کی خبر پاکر چالیس میل اندرون دوآب، غالباً موجودہ علی گڑھ کے قریب ہٹ آئی۔[3] دریں اثنا، شجاع الدولہ کی انگریزی توپ خانہ کی معیت میں آمد کی خبر ملتے ہی تکوجی ہولکر نے اسد پور کا محاصرہ اٹھالیا اور بسولی کی طرف کوچ کر گیا۔ تقریباً اسی وقت (۲۲ رمارچ ۱۷۷۳ء) کو حافظ رحمت خاں بھی اپنی فوج کے ساتھ رام گھاٹ پر شجاع الدولہ سے آن ملے۔[4] مگر وہ تکوجی کے بسولی کی طرف کوچ کر جانے کی وجہ سے سخت مضطرب تھے۔ آپ دوسرے ہی دن، اپنے عم زاد دوندے خاں

---

[1] گلستان رحمت، ص ۱۸۵-۱۸۶ الف، Macpherson W.C. Soldiering in India, London (1928) P.119.

[2] بہاری لال، احوال نجیب الدولہ، علی گڑھ، مخطوطہ، ص ۱۷۰، شیو پرساد، تاریخ فرح بخش، علی گڑھ، مخطوطہ، ص ۱۹۲ الف

[2] گلستان رحمت ص ۱۸۶ الف، بہاری لال ص ۱۷۱، Soldiering in India P. 119

[3] ہرچرنداس، منتخب گلزار شجاعی، مخطوطہ، Soldiering in India P. 121، برٹش میوزیم، لندن، ص ۲۱۲ الف، Calendar of Persian Correspondence IV.251

[4] Soldiering in India P. 121، Calendar of Persian Correspondence IV P.251

ہرچرن داس، ص ۲۱۲ الف، گلستان رحمت ص ۱۸۹ ب

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مرحوم کے اخلاف کے ناموس کے تحفظ کے خیال سے بسولی روانہ ہو گئے۔ شجاع الدولہ نے، حافظ صاحب کی مدد کے لیے جلد ہی پہنچنے کا وعدہ کرکے انھیں رخصت کیا، لیکن وہ اپنی روانگی کسی نہ کسی بہانہ سے ٹالتا ہی گیا[۱] حافظ صاحب کے بسولی پہنچنے سے پہلے تکوجی نے اس پر حملہ کرکے خوب لوٹ مار مچائی[۲] اور دوندے خاں مرحوم کے دیوان، کاہنمل کو پکڑ لے گئے۔ بسولی کے بعد تکوجی نے سنبھل اور مرادآباد پر حملہ کرکے ان شہروں کو بری طرح لوٹا۔ اس کا ارادہ رام پور تک یلغار کرنے کا تھا لیکن حافظ رحمت خاں کی آمد کی اطلاع ملتے ہی اسے یہ بھی خدشہ ہوا کہ اگر شجاع الدولہ بھی انگریزی فوج کے ساتھ روہیلوں کی مدد کے لئے آ گیا تو وہ روہیلکھنڈ میں بری طرح گھر جائے گا۔ اس نے رام گھاٹ سے پچاس میل شمال میں پتھر کے قریب گنگا عبور کی اور علی گڑھ میں اصل مراٹھا فوج میں شامل ہو گیا[۳] شجاع الدولہ اس دوران خاموش تماشائی رہا اور اس نے روہیلوں کے تحفظ کے لئے کوئی قدم نہیں اٹھایا۔

ایک طرف شمالی ہندوستان میں مرہٹے، قتل و غارت گری اور لوٹ میں مصروف تھے اور دوسری طرف پونا میں آنجہانی پیشوا کی وصیت کے خلاف رگھوناتھ راؤ پیشوا بن گیا۔ ویساجی اور تکوجی ہولکر، جو شمالی ہند میں سرگرم عمل تھے، اس صورت حال سے گھبرا گئے، انھوں نے شجاع الدولہ سے معمولی شرائط پر صلح کرلی اور ۵ مئی ۱۷۷۳ء کو پونا کی طرف کوچ کر گئے[۴]

مراٹھوں کی مراجعت نے شجاع الدولہ کے لئے شمالی ہند میں میدان صاف کر دیا۔ روہیلے آپسی نفاق سے ویسے ہی کمزور تھے، حالیہ مراٹھا پیش قدمی نے انھیں اور مضمحل کر دیا تھا۔ شجاع الدولہ نے انھیں اور کمزور کرنے کے لئے، روہیلہ سرداروں میں سیاسی حکمت سے کام لیتے ہوئے مزید نفاق کے بیج بو دیئے۔ بہت سے سرکردہ روہیلہ سرداروں

---

۱ Calendar of Persian Correspondence IV 251

۲ Soldiering in India P. 122، پیشوا دفتر ریکارڈس، جلد ۲۹، ص ۲۷۸

۳ Calendar of Persian Correspondence IV 481

۴ گلستان رحمت ص ۱۱۱ الف، طہماسپ مسکین، طہماسپ نامہ (علی گڑھ مخطوطہ) ص ۱۸۲ الف، شیو پرساد، ۹۲ ب

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کی اخلاف کو انعام واکرام اور مستقبل میں مزید انعامات کا وعدہ کر کے، انھیں حافظ رحمت خاں سے منحرف کر دیا۔[۱]

دوسری طرف حافظ رحمت خاں نے اپنی پوری توجہ چالیس لاکھ کے تمسک کی واپسی پر مبذول کی۔ آپ نے عبداللہ خاں کشمیری اور خان محمد خاں کو تمسک کی واپسی کے لئے شجاع الدولہ کے پاس نمائندہ بنا کر بھیجا، کیونکہ شاہ مدن ان کو واپسی کا یقین دلا گئے تھے، مگر شجاع الدولہ نے عبداللہ خاں اور خان محمد خاں کو تمسک دینے سے منع کر دیا اور اس سے بھی منکر ہو گیا کہ اس نے شاہ مدن کو کلی اختیارات دے کر سفارت پر معمور کیا تھا۔ شجاع الدولہ کے رویہ سے ناامید ہو کر عبداللہ خاں اور خان محمد خاں نے شاہ مدن صاحب کی توجہ اس معاہدہ کی طرف مبذول کی جو انھوں نے تمسک کے سلسلہ میں حافظ صاحب سے کیا تھا۔ شاہ مدن صاحب نے اگر چاہا ہوتا تو آج کل کی زبان میں ڈپلومیسی (Diplomacy) یا مصلحت اختیار کر کے شجاع الدولہ کے بیان تائید کر دیتے یا مداہنت سے کام لے کر خاموش ہو جاتے لیکن شاہ مدن صاحب کا مزاج ہی دوسرا تھا۔ وہ جاگیردار اور درباری ہونے سے زیادہ ایک مسلمان تھے اور احکام خداوندی کی خلاف ورزی کر کے دنیاوی فائدہ کے حصول کے لئے تیار نہ تھے۔ آپ نے بھرے دربار میں یہ اعلان کر دیا کہ شجاع الدولہ نے انھیں مختار کل بنا کر روہیلوں کے پاس بھیجا تھا اور اس بات کی بھی تصدیق کر دی کہ انھوں نے نواب شجاع الدولہ کے حکم کی تعمیل میں روہیلوں کو چالیس لاکھ روپیوں کے تمسک کی واپسی کا وعدہ بھی کیا تھا۔ شاہ صاحب کی صاف گوئی نے شجاع الدولہ کو سخت برہم کر دیا اور وہ یہ کہتا ہوا زنانخانہ میں چلا گیا کہ اس کے ساتھ سازش کی گئی ہے۔[۲] خان محمد خاں اور عبداللہ کشمیری نے تمام روداد حافظ رحمت خاں کو سنا دی۔[۳]

---

۱۔ گلستان رحمت، ص ۱۹۲ الف ب، گل رحمت، ص ۱۴۸۔ Malleson, Life of Warren Hostings. 1892 P. 149

۲۔ گلستان رحمت، ص ۱۹۱ الف ب، تاریخ افغانان، ص ۵۲، ۵۰۔

۳۔ گل رحمت، ص ۱۴۷، اخبار حسن، ص ۶۶-۶۵

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

اس میں کوئی شبہ نہیں کہ شاہ مدن کی صاف گوئی نے شجاع الدولہ کے وقار کو زبردست ٹھیس پہونچائی تھی لیکن وہ شاہ صاحب کے خلاف فوراً کوئی اقدام مصلحتاً نہ کرسکا۔ بہر نوع اس چالیس لاکھ روپئے کی ادائیگی کو شجاع الدولہ نے روہیلوں کے خلاف فوج کشی کا بہانہ بنا کر انگریزوں کے تعاون سے ۱۷۷۴ء میں روہیل کھنڈ پر حملہ کردیا۔ میران پور کٹرہ (شاہ جہاں پور) میں حافظ رحمت خاں اور ان کے حلیف وفادار روہیلوں نے کمال بے جگری سے مدافعانہ جنگ لڑی۔ حافظ رحمت خاں میدان جنگ میں لڑتے ہوئے شہید ہوگئے۔ دو ہزار سے زائد روہیلے دادِ شجاعت دیتے ہوئے کام آئے[1] حافظ رحمت خاں کا سر سلطان خاں بریچ نے قلم کرکے شجاع الدولہ کو پیش کیا۔ شجاع الدولہ نے حافظ رحمت کا سر کیے بعد دیگرے مظفر جنگ (نواب فرخ آباد) ضابطہ خاں فرزند نجیب الدولہ) جو اس کے حلیف تھے، کے سامنے شناخت کے لئے پیش کیا۔ دونوں نے تصدیق کردی کہ وہ سر حافظ صاحب کا ہے۔ بعد ازاں حافظ صاحب کا سر، غالباً شرارتاً شاہ مدن صاحب کے سامنے شناخت کے لئے پیش کیا گیا۔ شاہ صاحب نے فرمایا "ہاں یہ سر اُسی شہید کا ہے[2]" نواب شجاع الدولہ اپنا غصہ نہ ضبط کرسکا اور چند دنوں بعد بسولی پہنچ کر اس نے شاہ مدن کو قید کردیا اور ان کی املاک و جاگیر ضبط کرلیں[3] شاہ

---

[1] غلام حسین طباطبائی، سیر المتاخرین، نول کشور، ص ۹۳۹، اخبارات، ۲۷ اپریل ۱۷۷۴ء Select Committee (India office) P. 491 عماد السعادت ۱۱۶

[2] گر سہائے، تاریخ اودھ (علی گڑھ مخطوطہ)، ص ۱۴۴ الف، گل رحمت، ص ۱۶۲، منشی چیترمن کا نسخہ دو رنامہ (علی گڑھ مخطوطہ)، ص ۷۰، غلام علی لکھتے ہیں، "شاہ مدن مژہ پرنم کردہ گفت، بلے! ایں سر سر مہمان مسلمان است" عماد السعادت، ص ۱۱۶، مولف گلستان رحمت کا بیان ہے کہ شاہ مدن نے یہ شعر بھی پڑھا تھا ۔ سرکشتہ بر نیزہ می زد نفس ۔ کہ معراج مرداں ہمین است و بس۔ گلستان رحمت ص ۱۲۱ الف

[3] گر سہائے، ص ۱۴۴ الف، دو رنامہ، ص ۷۲، عماد السعادت، ص ۱۱۷، گلستان رحمت ص ۱۱۱ الف خیر الدین الٰہ آبادی کا بیان ہے کہ شجاع الدولہ کیلئے شاہ مدن کے حافظ رحمت خاں کے لئے "شہید" کہنا شدید ناگوار ہوا اور اس نے فوراً سوال کیا کہ اگر حافظ رحمت شہید ہوئے تو اس کے معنی یہ ہیں کہ میں یزید ہوں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



صاحب چھ ماہ تک قید رہے اور اسی عالم میں قید حیات سے رہائی پا لی۔[1]

شاہ مدن صاحب کی گرفتاری اور عالم قید ہی میں قید حیات سے رہائی، بظاہر تاریخ کا ایک معمولی واقعہ ہے، لیکن اگر غور سے دیکھا جائے تو شاہ صاحب کا کردار ایک عجیب کشش کا حامل ہے۔ شاہ صاحب نے اگر حاکم وقت کی خوشی حاصل کرنے کے لئے مصلحت کا دامن تھام لیا ہوتا تو قید و بند کی صعوبتوں سے دور رہتے، لیکن جس کا دل نور ایمان سے منور ہو اور زندگی قرآن و سنت کے تابع ہو، اسے حاکم وقت کے خوف کے مقابلہ میں حاکم کائنات کا خوف زیادہ ہوتا ہے اور وہ اس کی رضا کی خاطر ہر طرح کی قربانی دے سکتا ہے۔ رحمہ اللہ رحمۃ واسعۃ

---

اور اسی لئے ان کو قید کر دیا۔ ملاحظہ ہو، عبرت نامہ (مخطوطہ سر جادو ناتھ سرکار، نیشنل لائبریری، کلکتہ) ص ۲۵۶

[1] نامہ مظفری، جلد دوم، ص ۲۲۹۔ عماد السعادت، گرسہائے اور دو رنامہ میں شاہ صاحب کے قید کئے جانے کے بعد کے حالات نہیں ملتے۔


# تصانیف مولانا صدر الدین اصلاحی

| | | | |
|---|---|---|---|
| اسلام — ایک نظریہ | ۱۵—۰۰ | دین کا قرآنی تصور | ۸—۰۰ |
| اساس دین کی تعمیر | ۱۲—۰۰ | فریضہ اقامت | ۸—۰۰ |
| اسلام اور اجتماعیت | ۵—۰۰ | قرآن مجید کا تعارف | ۳—۰۰ |
| تحریک اسلامی ہند | ۱۰—۵۰ | نکاح کے اسلامی قوانین | ۲—۰۰ |
| حقیقت نفاق | ۴—۲۵ | مسلم پرسنل لاء دینی و ملی نقطۂ نگاہ سے | —۴۰ |
| مسلمان اور دعوت اسلام | ۱—۰۰ | یکساں سول کوڈ اور مسلمان | —۶۰ |
| دین کا مطالعہ | —۷۵ | تلخیص تفہیم القرآن | زیر طبع |

ملنے کا پتہ: مرکزی مکتبہ اسلامی۔ دہلی ۶


© rasailojaraid.com